بقیہ 1 عطا تارڑ

کی جا رہی تھی۔ ادھر جیل ذرائع کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو جمعہ کی صبح واپس اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا ہے، واپس ہسپتال سے اڈیالہ جیل انتہائی سخت سیکیورٹی میں لایا گیا۔ جیل ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی کو ان کے سیل میں شفٹ کر دیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ بانی پی ٹی آئی کو رات گئے انتہائی سخت سیکیورٹی میں جیل سے ہسپتال روانہ کیا گیا تھا، شفا انٹرنیشنل ہسپتال کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات تھی، ہسپتال میں بانی پی ٹی آئی کے علاج کیلئے تمام انتظامات مکمل کیے گئے تھے۔ وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے مکمل طبی معائنے، تشخیصی مراحل اور علاج کے دوران ان کی ہمشیرہ عظمیٰ خان ساتھ موجود رہیں، جبکہ ماہر ڈاکٹروں پر مشتمل میڈیکل بورڈ نے معائنے کے بعد ان کی طبی حالت کو مستحکم قرار دیا۔ طارق فضل چوہدری نے بتایا کہ شفا انٹرنیشنل ہسپتال کے باہر غیر معمولی رش اور سیکیورٹی کی صورتحال کے باعث عمران خان کو پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) منتقل کیا گیا، جہاں ماہرین کی نگرانی میں ان کا تفصیلی طبی معائنہ، تشخیص اور علاج کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کے تمام ضروری طبی مراحل مکمل ہو چکے ہیں اور ان کی صحت کی صورتحال بالکل واضح ہے۔ طبی ماہرین نے معائنے کے بعد ان کی حالت کو مستحکم قرار دیا ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ صحت ایک حساس معاملہ ہے، اسے سیاسی تنازع یا غیر ضروری سنسنی کا رنگ نہیں دیا جانا چاہیے۔ تمام فریقین کو چاہیے کہ وہ معاملے پر حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ عمران خان کی صحت سے متعلق صورتحال پر قیاس آرائیوں کے بجائے مستند طبی معلومات کو اہمیت دی جانی چاہیے اور حساس معاملے کو سیاسی اختلافات کی نذر کرنے سے گریز کیا جائے۔

بقیہ 2 وزیراعظم

نیشنل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ بلوچستان نیشنل ورکشاپ کے شرکاء کو خوش آمدید کہتا ہوں، بلوچوں کی تاریخ دلیری اور مہمان نوازی سے مزین ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈائیلاگ کا مقصد آپ کی اور بلوچ عوام کی بات سننا ہے، پاکستان کے معرض وجود میں آتے ہی بلوچستان کے مختلف حصوں نے پاکستان کے ساتھ

